گیارہویں سہ روزہ بین الاقوامی

# سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کانفرنس

## 2 تا 4 فروری 2026

## سیرت النبی ﷺ میں حقوق کی پاسداری اور عصر حاضر کے تقاضے

## فکری اساس، عملی تنفیذ، اور تمدنی تشکیل

زیر اہتمام سیرت چیئر: دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور پاکستان

Ph: + 92-62-9255476, 9255452 Fax: +92-062-9250232
E-mail: seeratchair@iub.edu.pk, seeratconference@iub.edu.pk

Designed by: The University Printing Press, IUB +92 62 9255598

# تعارف

سیرتِ رسول اکرم ﷺ دینِ اسلام کے حقیقی فہم اور امت کی فکری، عملی اور روحانی اصلاح کی بنیاد ہے۔ آج کا معاشرہ فکری انتشار، حقوق کی ادائیگی میں غفلت اور قدرتی وسائل کے بے جا استعمال جیسے سنگین مسائل سے دوچار ہے۔ یقیناً ان مسائل کا حقیقی حل اسی وقت ممکن ہے جب ہم اپنی زندگی کو سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں ڈھالیں اور اسے تعمیرِ معاشرہ کا محور بنائیں۔ انہی مقاصد کے پیشِ نظر، نبی مکرم ﷺ کی ولادت کے ڈیڑھ ہزار برس اور اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے سو سالہ سفرِ علم کی تکمیل پر، سیرت چیئر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور ایک شاندار تین روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد کر رہی ہے، جس کا موضوع ہے:

**"سیرت النبی ﷺ میں حقوق کی پاسداری اور عصرِ حاضر کے تقاضے: فکری اساس، عملی تنفیذ اور تمدنی تشکیل"۔**

اس بین الاقوامی سیرت النبی ﷺ کانفرنس میں تمام اہلِ دانش، ماہرینِ تحقیق اور مدارسِ دینیہ کے علمائے کرام کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ سیرت النبی ﷺ پر اپنے علمی مقالات پیش کریں تاکہ امت کے اس گرانقدر ورثے کو اجاگر کیا جاسکے۔ یہ کانفرنس (ان شاء اللہ) فہمِ سیرت اور اس کے ابلاغ میں ایک سنگِ میل ثابت ہوگی اور امت کی فکری و عملی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرے گی۔ بطور رہنمائی مندرجہ بالا عنوان کو تین بنیادی محاور میں تقسیم کیا گیا ہے۔

## پہلا محور: حقوق اللہ سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں

1۔ وحدانیت الٰہی اور فرد و معاشرہ
2۔ ایمان و یقین کی قلبی و روحانی تشکیل
3۔ عبدیت کا حقیقی معیار اور سماجی اثرات
4۔ نیت و اخلاص کا فکری و عملی مقام
5۔ بدنی و مالی عبادات کے معاشرتی ثمرات
6۔ قلبی عبادات کے ظاہری و باطنی اثرات
7۔ مجاہدہ و ضبطِ نفس اور محرمات سے اجتناب

## دوسرا محور: حقوق العباد سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں

1۔ نبی اکرم ﷺ کے حقوق
2۔ صحابہ کرام و اہلِ بیت عظام رضی اللہ عنہم کے حقوق
3۔ عدل، حریت، تعلیم اور کرامتِ انسانیت
4۔ اخوت، رواداری، صبر و تعاون کا عملی پہلو
5۔ عائلی حقوق: شوہر، بیوی، والدین، اولاد، اور اقارب
6۔ عورت کے انفرادی و اجتماعی حقوق
7۔ ہمسایہ، اقلیتوں اور کمزور طبقات کے حقوق
8۔ حاکم و رعایا کے باہمی فرائض
9۔ معاہدات و معاملات میں عدل و دیانت

## تیسرا محور: حقوق کائنات سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں

1۔ کائنات بطور امانت اور آیاتِ معرفتِ الٰہی
2۔ کائنات، انسان اور فطرت کا باہمی تعلق
3۔ حیوانات و نباتات کے حقوق
4۔ وسائلِ قدرت سے استفادہ اور ان کا تحفظ
5۔ زمین کی آبادکاری اور اسلامی تصورِ استخلاف
6۔ قدرتی ماحول کے ساتھ ہم آہنگ ترقی اور پائیداری
7۔ معاصر ماحولیاتی چیلنجز کے لیے نبوی رہنمائی
8۔ امن و جنگ میں ماحولیاتی آداب

## مقالے کی شرائط

- ☆ مقالہ کانفرنس کے موضوعات سے متعلق ہو۔
- ☆ مقالہ HEC کی Anti Plegrism پالیسی کو ملحوظ خاطر رکھ کر لکھا گیا ہو۔
- ☆ مقالہ تحقیقی اخلاقیات کو مدنظر رکھ کر لکھا جائے۔ مقالہ کانفرنس 15 تا 20 صفحات پر مشتمل ہو۔
- ☆ مقالہ پہلے کسی کانفرنس یا ریسرچ جرنل میں پیش نہ کیا گیا ہو۔
- ☆ قرآنی آیات کو اصل متن اور احادیث کو حوالوں کے ساتھ لکھا گیا ہو۔
- ☆ مقالہ بحث و تحقیق کے اصولوں کے مطابق ہو اور ہر قسم کی اغلاط سے مبرا ہو۔
- ☆ مقالے کے ساتھ تقریباً تین سو الفاظ پر مشتمل انگریزی خاکہ تحقیق (Abstract) مع کلیدی الفاظ ارسال کیا جائے۔
- ☆ مقالہ کے حوالہ جات (Citations) کے لیے شکاگو مینول آف سٹائل کو اختیار کیا جائے۔
- ☆ مقالہ ایم ایس ورڈ میں تحریر کیا گیا ہو، نیز مقالے کی ورڈ فائل ارسال کرنا ضروری ہے۔
- ☆ مقالہ A4 سائز، نارمل مارجن ("1") اردو زبان کے لیے جمیل نوری نستعلیق، جب کہ انگریزی کے لیے Time New Roman رسم الخط اختیار کیا جائے۔
- ☆ مقالہ غیر جانب دارانہ تحکیم (Blind Peer Review) کے بعد کانفرنس میں شامل کیا جائے گا۔ مقالہ جات کی منظوری اور عدم منظوری کے لیے اکیڈمک کمیٹی کا فیصلہ حتمی تصور ہوگا۔

**ملکی سطح پر پہلے دس بہترین مقالات کی نہ صرف رجسٹریشن فیس واپس کی جائے گی بلکہ اعزازیہ بھی دیا جائے گا۔**

**نوٹ : اگر مقالہ مقررہ تاریخ تک موصول نہ ہوا تو ملخص کالعدم تصور ہوگا**

## کانفرنس کی انتظامی تاریخیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| خلاصہ بھیجنے کی آخری تاریخ: | 15 November, 2025 | منظور شدہ خلاصوں کا اعلان: | 24 November, 2025 |
| مکمل مقالہ بھیجنے کی آخری تاریخ: | 29 December, 2025 | کانفرنس کے انعقاد کی تاریخ: | 02-04 February, 2026 |

کانفرنس کے انعقاد کا مقام: خواجہ فرید آڈیٹوریم، بغداد الجدید کیمپس، دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاول پور

کانفرنس کی زبانیں: اردو | عربی | انگریزی

رجسٹریشن فیس: رہائش کے بغیر:-/3000 روپے | رہائش کے ساتھ:-/5000 روپے | بین الاقوامی شرکت:-/50 ڈالر

## زیر نگرانی

سرپرست اعلیٰ: پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران، وائس چانسلر، دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاول پور

سرپرست: پروفیسر ڈاکٹر شیخ شفیق الرحمٰن، ڈین فیکلٹی آف اسلامک اینڈ عریبک اسٹڈیز، دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاول پور

کوآرڈینیٹر: پروفیسر ڈاکٹر حافظ شفیق الرحمٰن، ڈائریکٹر سیرت چیئر، دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاول پور

برائے رابطہ: 0629255476, 03009686743, 03346451424
seeratchair@iub.edu.pk, seeratconference@iub.edu.pk